I. Invitation to Bidders

Auction Notice No. PLDDB/Apr-0256/2024

Auction Notice

Wheat Auction at LES-Farm

گندم کا نیلامِ عام

پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ (پی ایل ڈی ڈی بی) کے پاس تجرباتی لائیو سٹاک فارم، خضر آباد، سرگودھا میں 700 ایکڑ کی (تقریباً 31,500 من) گندم موجود ہے جسے ادارہ نیلام عام کے ذریعے فروخت کرنا چاہتا ہے۔ گندم کی بولی 23 اپریل 2024ء بروز منگل، دن 10 بجے تجرباتی لائیو سٹاک فارم، خضر آباد، سرگودھا میں دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان کی موجودگی میں ہوگی۔ متعلقہ شعبہ سے وابستہ افراد موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ بولی کے دوران ادارہ ہذا کی طرف سے متعین کئے گئے اصول وضوابط لاگو ہوں گے۔

شرائط وضوابط:

- ☆ گندم جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام ہوگی، تاہم بولی دہندہ بولی سے قبل گندم کا معائنہ کر سکتا ہے۔
- ☆ بولی دہندہ کو بولی سے قبل 250,000 روپے (قابل واپسی) بطور زر ضمانت بحق پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ جمع کروانا ہوگا۔ جو کامیاب نہ ہونے والے بولی دہندگان کو واپس کر دیا جائے گا۔
- ☆ کل رقم کا 10 فیصد انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق نافذ العمل ہوگا جو بولی دہندہ ادا کرے گا۔
- ☆ بولی کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر کا ہوگا جسے بولی دہندہ کو قبول کرنا ہوگا۔
- ☆ گندم کی قابل قبول قیمت نہ لگنے کی صورت میں ادارہ بولی کو منسوخ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔
- ☆ تمام گندم ایک ہی پارٹی خریدے گی، گندم تقسیم کر کے ایک سے زائد بولی دہندگان کو فروخت نہیں کی جائے گی۔
- ☆ ترازو ادارہ ہذا کا ہوگا، تاہم گندم کا وزن کرنے سے قبل کامیاب بولی دہندہ اسے مکمل طریقے سے چیک کر سکتا ہے۔
- ☆ پارٹی گندم فارم سے خود اُٹھائے گی، ادارہ کسی قسم کی ٹرانسپورٹیشن کا ذمہ دار نہ ہوگا۔
- ☆ گندم اُٹھانے سے قبل بولی دہندہ کو گندم کی مکمل قیمت ادا کرنا ہوگی۔
- ☆ بولی دہندہ کو اگر شرائط کے بارے میں کوئی وضاحت درکار ہوئی تو بولی سے قبل موقع پر اس کو تفصیلاً بتا دیا جائے گا۔
- ☆ کسی بھی وجہ سے پہلی بولی منسوخ ہونے کی صورت میں دوسری بولی 30 اپریل 2024ء اور تیسری بولی 07 مئی 2024ء بروز منگل دن 10 بجے ہوگی۔
- ☆ بولی کے دوران ادارہ ہذا کی طرف سے متعین کئے گئے اصول وضوابط لاگو ہوں گے۔

دلچسپی رکھنے والے حضرات شرائط وضوابط کے مطالعہ کے لئے ادارہ کی ویب سائیٹ www.plddb.pk/tenders وزٹ کریں۔

مزید معلومات لے لئے 0340-7653443 پر دفتری اوقات میں رابطہ کریں۔

سینئر منیجر، تجرباتی لائیو سٹاک فارم، خضر آباد، ضلع سرگودھا

(ہیڈ آفس) پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ، 273-B، بلاک بی،

ریونیو سوسائٹی PIA روڈ لاہور۔ Phone# 042-99333045-6

Economy's Lifeline